خدا نے کرہ ارض کو بے شمار قدرتی نعمتوں سے نوازا ہے۔ زمین پر موجود بے شمار درخت، جانداروں کے لیے خوراک، ادویات اور پناہ گاہوں کا مرکز ہیں۔ پرندے درختوں پر بسیرا کرتے ہیں۔ انسان اور جانوران کے مختلف حصوں سے استفادہ حاصل کرتے ہیں۔ قدیم حکمتی دور سے جدید ادویاتی نظام تک، انسانی زندگی میں ادویاتی پودوں کا کردار نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ پودے ادویات کا اہم ذریعہ ہیں۔ جو کہ انسانی صحت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اسی لیے دنیا کی دو تہائی آبادی اپنی بنیادی صحت کے لیے ادویاتی پودوں پر انحصار کرتی ہے۔ تمام ادویاتی پودوں کی اہمیت اپنی جگہ لیکن قلبی امراض کے علاج میں ارجن کا کوئی ثانی نہیں۔ اپنی بے جا خصوصیات کے پیشِ نظر ارجن بنی نوع انسان کے لیے ایک رحمت سے کم نہیں۔ ہریڑ اور بہیڑہ کے خاندان کمبری ٹیسی (Combretaceae) سے تعلق رکھنے والے اس درخت کا نباتاتی نام ٹرمینلیہ ارجونہ (Terminalia Arjuna) ہے۔ ذیلی ہمالیہ خطے میں ایسے مختلف ناموں سے یاد رکھا گیا ہے۔ جیسا کہ اردو میں ارجن (Arjun)، ہندی میں کاہو (K a h u)، انگریزی میں ٹروپیکل آلمنڈ (Tropical Almond)، بنگالی میں ارجھان (Arjhan) جبکہ ادویاتی دنیا میں "ارجن دل کا سرجن" کہا جاتا ہے۔ ارجن 80 سے 100 فٹ قد آور پر نیاتی درخت، انڈیا اور سری لنکا کا مقامی پودا ہے۔ جبکہ پاکستان، بنگلہ دیش، نیپال، برمہ، آسٹریلیا اور چائنہ میں بھی بکثرت پایا جاتا ہے۔ پاکستان میں ارجن کراچی، شمالی پنجاب، جنوبی بلوچستان اور خیبر پختونخواہ کے مختلف علاقوں میں موجود ہے۔ ارجن کو ہر طرح کی زمین مثلاً چکنی، ریتلی، میرا، کلر اٹھی، سیم اور تھور زدہ زمینوں میں اگایا جا سکتا ہے۔ لیکن دریائی مٹی اس کی کاشت کے لیے زیادہ موزوں ہے۔ ارجن ایک بڑے پھیلاؤ والا چھتراداردرخت ہے جس کی شاخیں لٹکی ہوئی ہوتی ہیں۔ اس کی چھال ہموار اور سرمئی رنگ کی ہوتی ہے۔ امرود کے پتوں سے مشابہ ذیلی مخالف پتے 10-15 کی مقدار میں ایک ٹہنی پر لگتے ہیں۔ اس کے پھول چھوٹے اور سفید رنگ کے ہوتے ہیں جو کہ اپریل تا جولائی گچھے کی صورت میں لگتے ہیں۔ اس کا پھل سٹار فروٹ کی طرح لمبا، ریشہ دار اور ٹر پھلہ (پھاڑی دار) ہوتا ہے۔ طبی اعتبار سے ارجن کے مختلف حصوں میں سے چھال کو برتری حاصل ہے۔

ارجن کی چھال میں مختلف کیمیائی مادے پائے جاتے ہیں مثلاً ٹیننز (Tannins)، فلیونائیڈز (Flavonoids)، گلیکو سائیڈز (Glycosides)، الکیلوئڈز (Alkaloids)، بیٹا سائیٹوسیٹرول (B-Sitosterol)، ٹرائی ٹرپی نائیڈ (Triterpenoid) سیونین، ارجونین (Arjunin)، ارجونیٹین (Arjunitine)، ارجونولک ایسڈ، شکر، کیلشیم کے نمکیات کے ساتھ تھوڑی مقدار میں میگنیشیم اور ایلومینیم کے نمکیات وغیرہ جو کہ مختلف جسمانی امراض کے لیے فائدہ مند ہیں۔

ارجن کی چھال کے فوائد مندرجہ ذیل ہیں۔

- ☆ ارجن کی چھال میں موجود کیمیائی مادے دل کے پٹھوں کو قوت و توانائی فراہم کرتے ہیں جس سے دل کی دھڑکن درست برقرار رہتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ خون کی شریانوں کو کھلا کرتی ہے جس سے خون کی روانگی میں رکاوٹ نہیں ہوتی۔
- ☆ اس کے علاوہ ارجن خون کے بیرونی بہاؤ کو روکنے کی صلاحیت رکھتا ہے اسی لیے یہ نکسیر کو روکنے اور زخم بھرنے کے عمل میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔
- ☆ عمل تنفس میں پیدا ہونے والے مسائل اور پھیپھڑوں کے انفیکشن کے علاج کے لیے ارجن کی چھال بہت موثر ہے۔
- ☆ ارجن کی چھال نظام انہضام کو درست کرنے کے لیے مفید ہے تحقیق کے مطابق یہ اسہال اور بواسیر کے علاج کے ساتھ ساتھ جگر کو بہتر بناتی ہے۔
- ☆ ارجن کی چھال ہارمون نظام میں درستگی اور پیشاب کی پیداوار کو بڑھا کر جسم کو انفیکشن سے بچاتی ہے۔ حال ہی 2018 میں بھارت کے شہر راجستھان میں ہونے والی تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ ارجن کی چھال بلڈ پریشر اور کولیسٹرول لیول کو کم کرنے اور ذیابیطس کے علاج میں مفید ہے۔
- ☆ یہ منی کی پیداوار کو بڑھانے اور گاڑھا کرنے کے ساتھ ساتھ جسم کا سٹیمنا بھی بڑھاتا ہے۔
- ☆ ارجن کی سرد تاثیر کی وجہ سے اس کی چھال جلد کے کئی امراض مثلاً چنبل، ایکجما، خارش، کھجلی اور جسم کے داغ دھبوں کے خاتمہ کے لیے موزوں ہے۔
- ☆ زمانہ قدیم میں ارجن کی جھاگ کو ورم غلافِ دل اور درد دل کی شفاعت کے لیے چائے کے طور پر استعمال کیا جاتا رہا ہے۔

نسخہ:

- ☆ دس گرام چھال ارجن دو سو گرام پانی میں ابالیں اس میں چار سو گرام دودھ شامل کر کے نرم آنچ پر پکائیں پانی سوکھنے پر مصری یا شکر ملا کر نوش کریں۔

احتیاطی تدابیر:

۱) ارجن کی چھال دس گرام فی دن استعمال کرنا مناسب ہے اس سے زیادہ خوراک نقصان دہ ہوسکتی ہے۔

۲) حاملہ عورت اس کے استعمال سے گریز کریں کیونکہ اس کی زیادہ مقدار بچے کے لیے نقصان دہ ثابت ہوسکتی ہے۔

۳) جیسا کہ یہ خون میں شوگر کی سطح کو کم کرتا ہے اس لیے اگر آپ اسے ذیابیطس کے انسداد والی منشیات کے ساتھ لے رہے ہیں تو باقاعدگی سے بلڈ شوگر کی جانچ (ٹیسٹ) کروائیں۔

HORTIMAG
Vol. 09 No. 01 | January - June, 2020

برآں پھولوں کی برداشت منڈیوں سے فاصلہ کے مطابق بھی کی جاتی ہے، دوردراز کی منڈیوں کے لیے آدھ کھلے پھول جبکہ مقامی منڈیوں کے لیے مکمل کھلے ہوئے پھول برداشت کیے جاتے ہیں۔ پھول برداشت کرنے کے لیے ہمیشہ تیز دھار قینچی کا استعمال کریں اور ہمیشہ تنوں کو ترچھا کاٹیں۔ پھولوں کو برداشت کرنے کے فوراً بعد صاف پانی کی بالٹیوں یا ٹب میں سیدھا رکھیں تا کہ پھول مُرجھانے نہ پائیں اور جلد از جلد ٹھنڈی سایہ دار جگہ پر منتقل کر دیں۔

بعد از برداشت نگہداشت

موسمِ گرما کے تراشیدہ پھولوں کی برداشت کے بعد دوسرا اہم مرحلہ بعد از برداشت نگہداشت ہے۔ پھول برداشت کرنے کے فوراً بعد صاف پانی کی بالٹیوں یا ٹب میں رکھیں اور جلد از جلد کھیت سے ٹھنڈی اور سایہ دار جگہ منتقل کریں جہاں پھولوں کو دو گھنٹے کے لیے رکھیں تا کہ پھول اپنی بیرونی حرارت (Field heat) کم کر سکیں اور مناسب درجہ حرارت پر آ جائیں۔ بعد ازاں پھولوں کی ٹہنیوں سے تین تا چار پتے چھوڑ کر باقی ٹہنی سے پتے اُتار دیں تا کہ پھولوں کی تروتازگی مُتاثر نہ ہو۔ مزید برآں پھولوں کی درجہ بندی کر کے 10 تا 12 پھولوں کے گچھے بنائیں اور پلاسٹک شیٹ کی تہ میں پیک کر دیں۔ پھولوں کو منڈی منتقلی تک تازہ پانی میں رکھیں تا کہ پھول برداشت سے لے کر گاہک کے گھر تک تروتازہ رہیں۔ پھولوں کو دیر پا تروتازہ رکھنے کے لیے مختلف غذائی محلول استعمال کیے جاتے ہیں جس میں 5 تا 20 گرام چینی اور 200 ملی گرام فی لٹر پانی سٹریک ایسڈ (Citric acid) یا سیلی سلک ایسڈ (Salicylic acid) استعمال کیے جاتے ہیں۔ اگر پھول ایک تا دو دنوں کے لیے سرد خانے میں رکھنے مقصود ہوں تو پھول برداشت کرنے کے بعد 24 یا 48 گھنٹوں کے لیے پلسنگ محلول (Pulsing solution) میں رکھیں۔ بعد ازاں پھولوں کو پلسنگ محلول (Pulsing solution) سے نکال کر تازہ پانی کی بالٹیوں میں منتقل کریں اور منڈیوں کو ترسیل کر دیں۔ یاد رکھیں کہ زینیاء اور سلوشیاء کو ذخیرہ نہیں کیا جا سکتا جبکہ ان کے غذائی محلول میں چینی استعمال نہ کریں۔ موسمِ گرما کے تراشیدہ پھول گلدان میں 3 تا 7 دن تک تروتازہ رہ سکتے ہیں۔

بیماریاں و تدارک

موسمِ گرما کے تراشیدہ پھولوں پر مختلف وجوہات کی بنا پر بیماریوں کا حملہ ہو سکتا ہے جس میں بیج، پانی کی زیادتی، جڑی بوٹیاں اور کیڑے مکوڑے وغیرہ شامل ہیں۔ بیماریوں سے بچاؤ کے لیے کسی اچھی کمپنی کا بیماریوں سے پاک بیج استعمال کریں۔ کوشش کریں کہ پھولوں کو آبپاشی صبح کے اوقات میں کریں تا کہ شام تک کھیت سے پانی جذب ہو جائے اور نمی کا تناسب 60 فیصد تک رہے۔ مزید یہ کہ فصل کو جڑی بوٹیوں سے پاک رکھیں کیونکہ جڑی بوٹیاں مختلف قسم کے کیڑے مکوڑوں کا مسکن ہوتی ہیں جو مختلف قسم کی بیماریاں پھیلانے کا سبب بنتے ہیں۔ موسمِ گرما کے تراشیدہ پھولوں میں زیادہ بارشوں کی صورت میں زیادہ تر پھپھوندی کا حملہ ہوتا ہے جس پر قابو پانے کے لیے پھپھوندی کش دوا ٹاپسن ایم (Topsin-M) بحساب 2 ملی گرام فی لٹر پانی ایک ہفتہ کے وقفہ سے سپرے کریں جبکہ دوسری بیماریاں جن میں الٹرنیریا لیف سپاٹ (Alternaria leaf spot)، خاکی پھپھوندی (Botrytis) اور منہ سڑی (Anthracnose) شامل ہیں، ان پر قابو پانے کے لیے مینکوزیب (Mancozeb) یا بینلیٹ (Benlate) بحساب 2 تا 3 گرام فی لٹر پانی استعمال کریں۔

ضرر رساں کیڑے و تدارک

پھولوں کی پنیری کھیت میں منتقل کرتے ہی فصل پر کیڑے مکوڑوں کا حملہ شروع ہو جاتا ہے جس میں رس چوسنے والے کیڑے مثلاً تیلا اور تھرپس شامل ہیں، جو پودوں کے پتوں اور ٹہنیوں کے نیچے چھپے ہوئے ہوتے ہیں۔ ان کے تدارک کے لیے کونفیڈور (Confidor) بحساب 3 ملی لٹر فی لٹر پانی سپرے کریں۔ جبکہ سنڈی کے حملہ کی صورت میں ایما میکٹن (Emamectin) یا لیوفینیوران (Lufenuron) بحساب 2 ملی لٹر فی لٹر پانی سپرے کریں۔ بعض اوقات پھولوں کی فصل پر پھل کی مکھی (Fruit Fly) بھی حملہ آور ہوتی ہے جس کے تدارک کے لیے میلاتھیان (Melathion) یا ٹریسر (Traser) بحساب 2 ملی لٹر فی لٹر پانی سپرے کریں۔ جبکہ گھروں اور باغیچوں میں پھولوں پر حملہ کی صورت میں نیم کا تیل یا سرف پانی میں ملا کر سپرے کرنے سے بھی قابو پایا جا سکتا ہے۔

بھی کیا جاتا ہے جبکہ مارکیٹ میں دستیاب نشوونما بڑھانے والے محلول مثلاً ایزابیان وغیرہ بھی استعمال کیے جاسکتے ہیں جو کہ پودوں میں موسمی اثرات کے دوران قوتِ مدافعت بڑھاتے ہیں۔کھاد ڈالنے کے بعد جب زمین وتر آجائے تو گوڈی کریں اور پودوں کے گرد ہلکی مٹی چڑھائیں جس سے پودوں کی بڑھوتری میں نمایاں اضافہ دیکھا گیا ہے۔

آبپاشی

موسمِ گرما کی شدت اور پھولوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے پانی ایک اہم جزو ہے جس کے لیے پنیری کھیت میں منتقل کرنے کے فوراً بعد پہلی آبپاشی کریں۔ پانی لگانے کے 12 تا 24 گھنٹے بعد پودوں کا معائنہ کریں اور اگر کوئی پودا گر گیا ہو یا جھک گیا ہو تو اسے سیدھا کر دیں۔ اکثر اوقات یہ دیکھا گیا ہے کہ پہلا پانی لگانے کے بعد زمین وتر آنے پر دراڑیں پڑ جاتی ہیں جو کہ پودوں کی جڑوں کو نقصان پہنچاتی ہیں جس کے لیے دوسری آبپاشی زمین خشک ہونے سے قبل کریں۔مزید برآں موسمِ گرما میں 4 تا 5 دن کے وقفہ سے پھولوں کو آبپاشی کریں۔ پھولوں کی ڈوڈیاں بنتے اور پھول کھلتے وقت پانی کی کمی پھولوں کی کوالٹی اور پیداوار میں نمایاں کمی کا باعث بنتی ہے لہٰذا اس مرحلے پر پودوں کی آبپاشی کا خصوصی خیال رکھیں۔

چٹکی بھرنا (Pinching)

پھولوں میں چٹکی بھرنے کا عمل پودوں کی بغلی شاخیں بڑھانے اور زیادہ پھول حاصل کرنے کے لیے کیا جاتا ہے جس کے لیے انگوٹھے اور انگلی کی مدد سے پودے کی کونپل کو توڑ دیا جاتا ہے اور پودا اطراف سے نئی شاخیں نکالنے کا عمل شروع کر دیتا ہے۔چٹکی بھرنے کا عمل پھولوں کی تمام اقسام میں نہیں کیا جاتا بلکہ کچھ اقسام بغیر چٹکی بھرے ہی تیار ہو جاتی ہیں۔موسمِ گرما کے پھولوں میں زینیا، ایمارینتھس، گمفرینا اور سلوشیاء میں چٹکی بھرنے کا عمل کیا جاتا ہے جبکہ سورج مکھی کے پھولوں میں چٹکی بھرنے کا عمل نہیں کیا جاتا۔ پھولوں کی پنیری کھیت میں منتقل کرنے کے 15 تا 20 دن بعد پہلی چٹکی بھریں جبکہ دوسری مرتبہ نئی کونپلوں کے 2 تا 3 انچ تک پہنچنے پر چٹکی بھریں جس سے مزید شاخیں بننے کا عمل شروع ہو جاتا ہے۔

ڈوڈیاں/کلیاں توڑنا (Disbudding)

موسمی تغیرات اور اُتار چڑھاؤ کی وجہ سے بعض اوقات پودوں پر بہت جلد، جب ابھی پودے کی نشوونما مکمل نہیں ہوئی ہوتی، پھولوں کی کلیاں بن جاتی ہیں،ایسی کلیوں کو ہاتھ سے مسل دینے کو کلیاں توڑنا (Disbudding) کہتے ہیں۔اس عمل سے پودا پہلے اپنی نباتاتی نشوونما مکمل کرتا ہے اور بعد ازاں مزید کلیاں نکالتا ہے جس سے ایک پودے سے کئی پھول حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

جڑی بوٹیوں کا تدارک

جڑی بوٹیاں کسی بھی فصل میں اُگنے والے غیر ضروری پودوں کو کہا جاتا ہے جو کہ اپنی بڑھوتری کے ساتھ ساتھ فصل کو ملنے والی خوراک کا ایک بڑا حصہ استعمال کر لیتے ہیں اور فصل میں مختلف قسم کی بیماریوں اور کیڑے مکوڑوں کا مسکن بھی بنتے ہیں۔لہٰذا جڑی بوٹیوں کو جڑی بوٹی مار زہر یا بذریعہ گوڈی تلف کیا جاسکتا ہے۔جس کے لیے کھیت میں نرسری منتقل کرنے سے قبل پڑوں پر جڑی بوٹی مار زہر ڈیول گولڈ (Dual gold) یا پینڈی میتھلین (Pendimethalin) بحساب 5 ملی لٹر فی لٹر پانی سپرے کریں۔جس سے ایک ماہ تک فصل میں اُگنے والی جڑی بوٹیوں پر قابو پایا جاسکتا ہے جبکہ ایک ماہ بعد اُگنے والی جڑی بوٹیوں کو جڑی بوٹی مار زہر پیرا کاٹ (Paraquat) بحساب 5 ملی لٹر فی لٹر پانی شیلڈ لگا کر پودوں کے درمیان سپرے کریں اور خیال رہے کہ سپرے پودوں کو بچا کر ہوا کے رکنے پر کریں یا بذریعہ گوڈی جڑی بوٹیوں کو تلف کریں اور پودوں کو سہارا دینے کے لیے پودوں کے اطراف ہلکی مٹی چڑھائیں۔اسکے علاوہ پلاسٹک ملچ (Mulch) کے استعمال سے بھی جڑی بوٹیوں پر قابو پایا جا سکتا ہے۔

برداشت

برداشت پھولوں کا سب سے اہم اور توجہ طلب مرحلہ ہوتا ہے جس میں نہایت احتیاط اور کوالٹی کو نقصان پہنچائے بغیر پھولوں کی برداشت کی جاتی ہے جس کے لیے ضروری ہے کہ کھیت میں کام کرنے والے مزدوروں کو گاہے بگاہے تربیت دی جائے اور انہیں پھولوں کو برداشت کرنے کے طریقے اور مناسب حالت کے بارے بتایا جائے۔جس سے نہ صرف بعد از برداشت نقصان کو کم سے کم کیا جاسکتا ہے بلکہ پھولوں کی تروتازگی (Vase life) کو بھی بڑھایا جا سکتا ہے۔موسمِ گرما میں پھولوں کی برداشت ہمیشہ صبح 9 بجے سے قبل یا شام 5 بجے کے بعد کریں تاکہ گرمی کی شدت سے پھولوں کو بچایا جا سکے۔پھولوں کی برداشت کا انحصار اس کی قسم پر ہوتا ہے کچھ پھول زمین سے 1 تا 2 انچ اوپر برداشت کیے جاتے ہیں مثلاً سورج مکھی جبکہ زینیا، سلوشیاء، ایمارینتھس اور گمفرینا کی صرف پھول والی ڈنڈی کو پودے سے برداشت کیا جاتا ہے اور بقیہ پودا دوبارہ نئی شاخیں نکال کر نئے پھول پیدا کرتا ہے۔مزید

پیداواری عوامل:

آب وہوا

موسمِ گرما کے تراشیدہ پھولوں کی کاشت کے لیے خشک اور گرم موسم کا ہونا ضروری ہے جس کے لیے مناسب 25 تا 35 ڈگری سینٹی گریڈ درجہ حرارت جبکہ 50 تا 60 فیصد ہوا میں نمی کا تناسب ہونا چاہیے۔ پنجاب میں موسمِ گرما کے پھولوں کی کاشت کا آغاز موسمِ بہار کے دوران کر دیا جاتا ہے جس کے لیے پھولوں کی نرسری فروری تا مارچ کے دوران تیار کی جاتی ہے تاکہ درجہ حرارت کے معتدل ہونے تک پنیری تیار ہو جائے۔

روشنی

روشنی پودوں میں خوراک بننے کے عمل کا ایک اہم جزو ہے جو کہ پودے میں بڑھوتری اور قوت پیدا کرتی ہے۔ اگر پودوں کو مکمل روشنی فراہم نہ ہو تو پھول بننے کا عمل رک جاتا ہے اور پودوں کی شاخیں لمبی اور کمزور ہو جاتی ہیں۔ جس سے پودوں کی شاخیں گر جاتی ہیں اور کوالٹی متاثر ہوتی ہے۔ موسمِ گرما کے زیادہ تر پھول سورج کی مکمل دھوپ میں کاشت کیے جاتے ہیں جن کے لیے 10 تا 12 گھنٹے روشنی کا ہونا ضروری ہوتا ہے۔ لہٰذا پھولوں کو کھلی اور سایہ دار جگہ سے دور کاشت کریں۔ تاکہ پودے اپنی ضرورت کے مطابق روشنی استعمال کر سکیں۔

نرسری کی تیاری و نگہداشت

تراشیدہ پھولوں کی نرسری تیار کرنے کے لیے ہمیشہ عمدہ کوالٹی اور خالص قسم کے بیج کا انتخاب کریں کیونکہ عمدہ اور صحت مند بیج ہی اچھی فصل کا ضامن ہوتا ہے۔ ہمیشہ تازہ اور خالص بیج حاصل کرنے کے لیے کسی نامور اور تصدیق شدہ کمپنی کا انتخاب کریں اور بیج خریدتے وقت اس بات کا خیال رکھیں کہ بیج لفافے میں مکمل بند ہو اور اس پر تاریخ تنسیخ (Expiry date) لکھی ہوئی ہو۔ ہمیشہ 90 فیصد سے زائد شرح نمو رکھنے والے بیج کا انتخاب کریں تاکہ نرسری کا مکمل اُگاؤ ہو سکے۔ میدانی علاقوں میں موسمِ گرما کے پھولوں کی نرسری اُگانے کا بہترین وقت فروری تا مارچ ہے جس کے لیے ایک حصہ بھل، ایک حصہ ناریل کا برادہ اور ایک حصہ گوبر کی گلی سڑی کھاد یا گنے کی میل (پریس مڈ) اچھی طرح چھان کر ملا لیں۔ اسکے علاوہ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ گل بانی و چمن آرائی کے ماہرین کی تیار کردہ کمپوسٹ (یو اے ایف۔ گرو) (UAF-GRO) کو بھی تراشیدہ پھولوں کی نرسری اُگانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے جس سے عمدہ کوالٹی پنیری تیار کی جا رہی ہے۔ میڈیا تیار کرنے کے بعد 100 یا 128 خانوں والی پلاسٹک ٹرے میں بھر دیں اور ہر خانے کو ہلکا سا دبا کر بیج کا ایک دانہ فی خانہ بوئیں۔ بعد ازاں ناریل کے برادہ سے بیجوں کو ڈھک دیں تاکہ آبپاشی کرنے سے بیج اپنی جگہ سے ہٹنے نہ پائے اور نمی برقرار رہے۔ بیج لگانے کے فوراً بعد ٹرے پر بیج کی قسم، تاریخ اور رنگ کے مطابق ٹیگ (Tag) لگا دیں تاکہ پنیری کھیت میں منتقل کرتے وقت پہچان میں آسانی رہے۔ بعد ازاں نرسری کو باریک فوارے کی مدد سے اچھی طرح پانی لگائیں جبکہ نرسری مکمل نمو ہونے تک مسلسل وتر حالت میں رکھیں اور موسمی حالات اور کیڑے مکوڑوں و پرندوں سے حفاظت کے لیے گرین ہاؤس یا شیڈ ہاؤس میں رکھیں۔ جب نرسری دو تا چار اصلی پتوں کی حالت کو پہنچ جائے تو اسے کھیت میں منتقل کر دیں۔ موسمِ گرما میں کاشت کے لیے زیادہ تر تراشیدہ پھولوں کی نرسری 20 تا 25 دنوں میں کھیت میں منتقل کرنے کے قابل ہو جاتی ہے۔ نرسری ہمیشہ خشک وتر اور بھُر بھُری زمین میں منتقل کریں۔

زمین کی تیاری و نرسری کی منتقلی

تراشیدہ پھولوں کی نرسری منتقل کرنے کے لیے ہمیشہ زرخیز اور میرا زمین کا انتخاب کریں جس میں نامیاتی مادہ کی وافر مقدار موجود ہو۔ پھول کاشت کرنے سے ڈیڑھ دو ماہ قبل زمین میں گوبر کی گلی سڑی کھاد بحساب 2 ٹرالی فی ایکڑ ڈالیں اور روٹاویٹر چلا کر زمین میں اچھی طرح ملا دیں۔ کھیت کو پانی لگائیں تاکہ مٹی نرم ہو جائے اور جڑی بوٹیاں اُگ آئیں بعد ازاں زمین وتر آنے پر دُوہرا ہل سہاگہ چلا کر کھیت کو بھربھرا کریں اور پانی کی یکساں فراہمی کے لیے کھیت کو ہموار کر لیں۔ کھیت تیار ہونے کے بعد سفارش کردہ کھادیں ڈالیں اور پنیری منتقلی کے لیے 4 فٹ چوڑے پٹڑے بنا لیں۔ تراشیدہ پھولوں کی نرسری ہمیشہ صبح یا شام کے اوقات میں کھیت میں منتقل کریں تاکہ گرمی کی شدت پنیری کی منتقلی پر اثرانداز نہ ہو سکے۔ زیادہ بہتر ہے کہ پنیری کو شام کے وقت کھیت میں منتقل کریں اور فوراً بعد آبپاشی کر دیں۔ زیادہ تر پھولوں کی پنیری پودوں اور قطاروں کے درمیان 9 تا 12 انچ فاصلے پر سیدھی قطاروں میں منتقل کی جاتی ہے۔ پنیری منتقل کرنے سے قبل جڑی بوٹی مار زہر مثلاً ڈیوال گولڈ بحساب 5 ملی لٹر فی لٹر پانی سپرے کریں جس سے ایک ماہ کے لیے جڑی بوٹیوں پر قابو پایا جا سکتا ہے۔

کھادیں

پھولوں کی بہتر پیداوار اور اعلی کوالٹی حاصل کرنے کے لیے باقاعدگی سے کھادوں کا استعمال کرنا چاہیے۔ کھاد ہمیشہ ضرورت کے مُطابق اور توازن سے ڈالنی چاہیے جس کے لیے پھول کاشت کرنے سے ایک ماہ قبل کھیت سے مٹی لے کر اپنے علاقے میں قائم محکمہ زراعت کی لیبارٹری سے تجزیہ کروائیں اور اس کے نتیجہ میں سفارشات پر مکمل عمل کریں۔ جس سے نہ صرف فصل پر آنے والے خرچے میں نمایاں کمی لائی جا سکتی ہے بلکہ کھادوں کی زیادتی کی وجہ سے زمین کی ساخت کو بھی متاثر ہونے سے بچایا جا سکتا ہے۔ زمین کی تیاری کے دوران زیادہ سے زیادہ نامیاتی کھادوں کا استعمال کریں جس میں کاشت سے ڈیڑھ یا دو ماہ قبل گوبر کی گلی سڑی کھاد بحساب 2 ٹرالی فی ایکڑ ڈالیں یا گنے کی میل (پریس مڈ) کا استعمال کریں۔ بعد ازاں پٹڑے یا کھیلیاں بناتے وقت فاسفورس اور پوٹاش کی مکمل مقدار ڈالیں اور اچھی طرح زمین میں ملا دیں تاکہ پودوں کی جڑیں خوراک حاصل کر سکیں جبکہ نرسری منتقل کرنے کے ہر دو ہفتے بعد کھاد دیں اور پانی لگا دیں۔ کھاد ہمیشہ اچھی کمپنی کی استعمال کرنی چاہیے۔ عام طور پر ان تراشیدہ پھولوں کی فی ایکڑ کاشت کے لیے ایک بوری ڈی اے پی و آدھی بوری پوٹاش، ایک بوری یوریا اور آدھی بوری سلفر استعمال کی جا سکتی ہے تاھم نائٹروفاس، پوٹاش یا این پی کے (20:20:20) بمعہ سلفر بھی استعمال کی جا سکتی ہیں۔ موسمِ گرما کی شدت سے پودوں کو بچانے اور پھولوں کی اعلی کوالٹی حاصل کرنے کے لیے آج کل اجزائے صغیرہ مثلاً زنک، بوران اور آئرن کا استعمال

استعمال کیا جاسکتا ہے۔

پاکستان میں گمفرینا کی مندرجہ ذیل اقسام بطورِ تراشیدہ پھول کاشت کے لیے موزوں ہیں:

نمبر شمار	قسم (Variety)	تنے کی لمبائی (انچ)	بیج کی کمپنی
1	فائیر ورکس (Fire works)	48	پین امریکن (Pan American)
2	پنگ پونگ (Ping Pong)	40 تا 48	سکاٹا (Sakata)
3	کیوآئی ایس سیریز (QIS Series)	24 تا 26	پین امریکن (Pan American)

5) زینیاء (Zinnia)

زینیاء موسمِ گرما کا سخت جان (Hardy) پودا ہے جسے باآسانی تراشیدہ پھولوں کے طور پر کاشت کیا جاسکتا ہے۔ زینیاء کو سائنسی زبان میں زینیاء ایلیگینز (*Zinnia elegans*) کہتے ہیں جس کا تعلق آسٹریسی (Asteraceae) خاندان سے ہے۔ اس کے پھولوں کی کاشت موسمِ بہار کے آواخر یا موسمِ گرما کے آغاز میں بذریعہ بیج کی جاتی ہے اس کے پھولوں کو گملوں اور باغیچوں میں بھی نہایت خوبصورتی سے اگایا جاتا ہے جو کہ گرمیوں کے دوراں موسمِ بہار کا سماں پیش کرتے ہیں۔ اس کے پودوں پر نہایت خوبصورت سُرخ، جامنی، ہلکے سبز، سفید اور گلابی رنگ کے ٹکی نما پھول کھلتے ہیں جو کہ دیکھنے والوں کو اپنی طرف راغب کر لیتے ہیں۔ مزید برآں آج کل زینیاء کو بطورِ تراشیدہ پھول (Cut flower) بھی کاشت کیا جاتا ہے جس کے لیے لمبے قد والی اقسام کا چناؤ کیا جاتا ہے۔ اس کے پھول موسمِ گرما کی شدت برداشت کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں جس سے موسمِ گرما کے دوران مقامی منڈیوں میں پھولوں کی کمی کو پورا کیا جاسکتا ہے اور مناسب دیکھ بھال اور اچھی پیداوار حاصل کر کے منافع بھی کمایا جاسکتا ہے۔

پاکستان میں زینیاء کی مندرجہ ذیل اقسام بطورِ تراشیدہ پھول تجارتی پیمانے پر کاشت کے لیے موزوں ہیں:

نمبر شمار	قسم (Variety)	تنے کی لمبائی (انچ)	بیج کی کمپنی
1	جائینٹ (Giant)	39	بیناری (Benary)
2	اوکلاہوما (Oklahoma)	30-40	بیناری (Benary)
3	سُپر یوگا (Super yoga)	36	ہیم زیڈن (Hem Zaden)
4	للّی پٹ (Lillliput)	24	ہیم زیڈن (Hem Zaden)

6) گیندا (Marigold)

گیندا (Marrigold) پاکستان میں سب سے زیادہ کاشت کیا جانے والا پھول ہے جسے زیادہ تر گملوں، باغیچوں، کیاریوں اور سڑکوں کے کناروں پر موسمِ خزاں میں کاشت کیا جاتا ہے۔ جبکہ اس کے پھولوں کو شادی بیاہ کی تقریبات میں بطور پتیاں (Loose flower) بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ آج کل اس کو بطورِ تراشیدہ پھول بھی کاشت کیا جاتا ہے۔ بنیادی طور پر پاکستان میں پھول کی ساخت کے لحاظ سے اس کی دو انواع پائی جاتی ہیں جس میں پہلی قسم کو ٹیجیٹس اریکٹا (*Tagetes erecta*) یا افریقی گیندا کہا جاتا ہے اس کے پھولوں کا قطر تین انچ سے زائد ہوتا ہے جبکہ اس کے تنے لمبے ہونے کی وجہ سے اسے بطورِ تراشیدہ پھول بھی کاشت کیا جاتا ہے۔ اس کے پھول پیلے، سُنہری پیلے، نارنجی اور سفید رنگ میں پائے جاتے ہیں۔ گیندے کی دوسری قسم کو ٹیجیٹس پیچولا (*Tagetes patula*) یا فرانسیسی گیندا بھی کہا جاتا ہے جس کے پھولوں کا قطر ایک تا دو انچ تک ہوتا ہے اور اس کو زیادہ تر گملوں اور کیاریوں میں خوبصورتی بڑھانے کے لیے بھی کاشت کیا جاتا ہے۔ اس کو عُرفِ عام میں جعفری بھی کہتے ہیں اس کے پھول شادی بیاہ کی تقریبات میں گجرے بنانے کے لیے بھی استعمال ہوتے ہیں۔ اس کے پھول ساخت کے لحاظ سے اکہرے یا دوہرے ہوتے ہیں جو کہ سُرخی مائل، سنہری پیلے، آتشی سرخ اور نارنجی رنگ میں پائے جاتے ہیں۔ اس کا تعلق آسٹریسی (Asteraceae) خاندان سے ہے۔ گیندے کی فصل میں یہ نمایاں خصوصیات ہیں کہ اس کے پودے سخت گرم موسمی حالات کو باآسانی برداشت کر لیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان میں گیندے کی کاشت سارے سال کے دوران کی جاتی ہے جس سے نمایاں مُنافع حاصل ہوتا ہے۔ پنجاب کے میدانی علاقوں میں اس کی کاشت کا آغاز اگست میں بذریعہ بیج سے نرسری اُگا کر کیا جاتا ہے جو کہ مارچ تا اپریل تک لگاتار پھول دیتے رہتے ہیں۔ مزید برآں میدانی علاقوں میں اس کی فصل فروری میں دوبارہ نرسری اُگا کر مئی تا جون میں پھول حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ جبکہ پہاڑی علاقوں میں اس کی نرسری مارچ تا اپریل اُگائی جاتی ہے اور ستمبر تا اکتوبر کے دوران اس کی فصل حاصل کی جاتی ہے۔ اس کے پھولوں کی طویل عرصے تک پیداوار لینے کے لیے ضروری ہے کہ باقاعدگی سے پھولوں کو برداشت کیا جائے اور سوکھے ہوئے یا مرجھائے ہوئے پھول ہاتھ کی مدد سے توڑ دیں تاکہ بیج بننے کا عمل شروع نہ ہو سکے۔ مزید برآں پھول برداشت کرنے کے بعد تازہ صاف پانی کی بالٹیوں میں رکھیں تاکہ پھولوں کو تروتازہ رکھا جا سکے۔ مزید برآں افریقی گیندے کے تراشیدہ پھول 10 تا 15 دن کے لیے پانی میں تروتازہ رہ سکتے ہیں۔

پاکستان میں گیندے کی مندرجہ ذیل اقسام بطورِ تراشیدہ پھول تجارتی پیمانے پر کاشت کے لیے موزوں ہیں:

نمبر شمار	قسم (Variety)	تنے کی لمبائی (انچ)	بیج کی کمپنی
1	انکا (Inca)	12 تا 18	بال (Ball)
2	کوکو (Coco)	24 تا 36	سکاٹا (Sakata)

اس کے علاوہ آج کل ہماری چند مقامی یا دیسی اقسام بھی لمبا قد ہونے کی بنا پر کاشت کاروں میں بطورِ تراشیدہ پھول مقبول ہیں۔

HORTIMAG
Vol. 09 No. 01 | January - June, 2020

پاکستان میں سورج مکھی کی مندرجہ ذیل اقسام بطور تراشیدہ پھول تجارتی پیمانے پہ کاشت کے لیے موزوں ہیں:

نمبر شمار	قسم	تنے کی لمبائی (انچ)	بیج کی کمپنی
1	ونسینٹ۔ٹو (Vincent-2)	60 تا 72	سکاٹا (Sakata)
2	سن رچ (Sunrich)	30 تا 59	ٹاکی (Takii)
3	فلورینزا (Florenza)	40 تا 59	بینری (Benary)

2) ایمارینتھس (Amaranthus)

ایمارینتھس ایک خوشنما رنگ کے پھولوں والا پودا ہے جس کو با آسانی موسمِ گرما میں کاشت کیا جاسکتا ہے اس کے پھول اپنی منفرد ساخت ہونے کے باعث نہایت دیدہ زیب دکھائی دیتے ہیں۔ اس کا سائنسی نام ایمارینتھس کرنٹیس (*Amaranthus cruentus*) ہے جو کہ ایمارینتھیسی (Amaranthaceae) خاندان سے تعلق رکھتا ہے۔ اس کے پھول پودے کے سروں پر فوارے نما لٹکے ہوئے ہوتے ہیں جو کہ اپنا منفرد انداز ہونے کے سبب دیکھنے والوں کو محظوظ کرتے ہیں۔ اس کے پھول سرخ، سفید، سبز، گلابی، جامنی اور نارنجی رنگوں میں پائے جاتے ہیں۔ اس کے پھولوں کو باغیچوں، گملوں اور تراشیدہ پھولوں کے طور پر کاشت کیا جاتا ہے جبکہ بعد از برداشت گلدانوں اور پھولوں کی خوبصورت ٹوکریوں میں لگے نہایت دلکش محسوس ہوتے ہیں۔ ایمارینتھس کے پودوں کو خوشنما پتوں کے طور پر بھی کاشت کیا جاتا ہے۔ اس کی کاشت بذریعہ بیج مارچ تا اپریل کے دوران کی جاتی ہے۔

پاکستان میں ایمارینتھس کی مندرجہ ذیل اقسام بطور تراشیدہ پھول تجارتی پیمانے پر کاشت کے لیے موزوں ہیں:

نمبر شمار	قسم (Variety)	تنے کی لمبائی (انچ)	کمپنی
1	لو لائیز بلیڈنگ (Love lies bleeding)	60 تا 72	ہیم زیڈن (Hem Zaden)
2	کورل فاؤنٹین (Coral Fountain)	36 تا 48	
3	گرین ٹیلز (Green Tails)	36 تا 48	
4	ہاٹ بسکٹس (Hot biscuits)	40 تا 48	

3) گلِ کلغہ/سلوشیاء (Celosia)

سلوشیاء موسمِ گرما کا خوبصورت رنگوں والا پھول ہے جسے نہ صرف باغیچوں، گملوں، کیاریوں میں اُگایا جاتا ہے بلکہ آج کل بطورِ تراشیدہ پھول بھی کاشت کیا جاتا ہے۔ بنیادی طور پر اس کی دو انواع (Species) پائی جاتی ہیں پہلی قسم کو "سلوشیاء ارجنتیا" (*Celosia argentea*) کہا جاتا ہے جس کے پھول پودے کے سروں پر سٹے (Spike) نما لگتے ہیں جبکہ دوسری قسم کو "سلوشیاء کریسٹیٹا" (*Celosia cristata*) یا گلِ کلغہ (Cock's comb) کہا جاتا ہے جس کے پھول مُرغے کی کلغی نما ہوتے ہیں۔ اس کے پھولوں کو چھونے سے نہایت نرم یا ویلویٹی (Velvet) کپڑے کا احساس ہوتا ہے۔ اس کا تعلق "ایمارینتھیسی" (Amaranthaceae) خاندان سے ہے۔ اس کے پھولوں کی قابلِ قدر بعد از برداشت تر و تازگی (Vase life) ہونے کے باعث اسے موسمِ گرما کے دوران بطور تراشیدہ پھول کامیابی سے کاشت کیا جاسکتا ہے مزید برآں اس کے پودے موسمِ گرما کی شدت اور پانی کی کمی کو باآسانی برداشت کر لیتے ہیں اس کے پھولوں کو میدانی علاقوں میں مئی تا جون میں کاشت کیا جاتا ہے اس کی کاشت بھی بذریعہ بیج سے نرسری اُگا کر کی جاتی ہے اس کے پھول خوبصورت رنگوں نارنجی، پیچ (Peach)، جامنی، سرخ، پیلا اور سبز رنگوں میں پائے جاتے ہیں۔ اس کے پودے بیج لگانے کے تین ماہ بعد پھول دینے کے قابل ہوجاتے ہیں اور چٹکی کاٹنے سے ایک پودے سے کئی پھول حاصل کیے جاسکتے ہیں جبکہ اس پھول کی ایک فصل سے کئی بار پھولوں کی کٹائی کی جاسکتی ہے جو نہ صرف اضافی منافع کا باعث بنتی ہے بلکہ پھولوں کی فراہمی کا دورانیہ بھی بڑھ جاتا ہے۔ اس کے پھولوں کو تازہ پانی میں 7 تا 10 دنوں تک تر و تازہ رکھا جاسکتا ہے جبکہ اس کے پھول خشک پھولوں کے طور پر بھی استعمال کیے جاتے ہیں جس کے لیے پھولوں کو برداشت کے بعد سایہ دار جگہ پر الٹا لٹکا دیا جاتا ہے جو کہ چند دنوں میں خشک ہوجاتے ہیں۔ اس کے پھول سرد ذخیرہ اندوزی کے لیے موزوں نہیں جبکہ اگر انہیں برداشت کے بعد غذائی محلول میں رکھنا درکار ہو تو ایسے محلول میں چینی استعمال نہیں کرنی چاہیے۔

پاکستان میں سلوشیاء کی مندرجہ ذیل اقسام بطور تراشیدہ پھول تجارتی پیمانے پر کاشت کے لیے موزوں ہیں:

نمبر شمار	قسم (Variety)	تنے کی لمبائی (انچ)	بیج کی کمپنی
1	چیف (Chief)	24	سکاٹا (Sakata)
2	نیو سیریز (Neo Series)	20 تا 40	پین امریکن (Pan American)
3	کیلوے سیریز (Celway Series)	40 تا 48	پین امریکن (Pan American)

4) گُمفرینا/گلوب ایمارینتھس (Globe Amaranth)

گُمفرینا موسمِ گرما کا ایک دلکش پھول ہے جسے عام طور پر موسمِ گرما کے دوران پارکوں، سڑکوں کے کناروں اور گملوں میں کاشت کیا جاتا ہے۔ اس کے پھول چھوٹے بٹن نما ساخت کے ہوتے ہیں جو کہ مختلف رنگوں مثلاً جامنی، سفید اور نیلے رنگوں میں پائے جاتے ہیں۔ گُمفرینا کے پھولوں کو بطورِ تراشیدہ پھول بھی کاشت کیا جاتا ہے جو کہ گلدستوں اور گلدانوں میں لگے نہایت پُرکشش نظر آتے ہیں۔ اس کا سائنسی نام "گامفرینا گلوبوسا" (*Gompherena globosa*) ہے جس کا تعلق ایمارینتھیسی (Amaranthaceae) خاندان سے ہے۔ جسے عرفِ عام میں "گلوب ایمارینتھ" (Globe Amaranth) یا بٹن فلاور بھی کہا جاتا ہے۔ اس کے پھول پانی میں 10 تا 14 دن تک تر و تازہ رہ سکتے ہیں۔ پھولوں کی بعد از برداشت نگہداشت پر توجہ دے کر پھولوں کو لمبے عرصے تک تر و تازہ رکھا جاسکتا ہے جبکہ انہیں سایہ دار جگہ پر الٹا لٹکا کر بطورِ خشک پھول بھی

HORTIMAG
Vol. 09 No. 01 | January - June, 2020

موسمِ گرما کے لیے موزوں موسمی تراشیدہ پھول

ڈاکٹر افتخار احمد، محمد زین علی، محمد بہزاد رفیق، محمد عاشر سجاد (شعبہ گلبانی وچمن آرائی، انسٹی ٹیوٹ آف ہارٹیکلچرل سائنسز، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد)

تعارف

پھول قدرت کا ایک انمول شاہکار ہیں جو دلفریب رنگوں اور خوشبودار ہونے کے باعث ہر کسی کے لیے ہر دل عزیز ہوتے ہیں۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ انسان نے روایتی فصلوں کی طرح پھولوں کو کاشت کرنا شروع کر دیا جس سے نہ صرف بہتر منافع حاصل ہونے لگا بلکہ لاکھوں لوگوں کو روزگار کے مواقع بھی فراہم ہونے لگے جس سے لوگوں کی زندگی میں آسانیاں پیدا ہوئیں اور لوگوں کا طرزِ رہن سہن بھی بدل گیا۔ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں پھولوں کی کاشت گزشتہ کئی صدیوں سے کی جا رہی ہے جس کا آغاز باغیچوں میں رنگ برنگے پھولوں کی سجاوٹ سے ہوا جس کو بعد ازاں باغبانوں نے اپنے پیاروں کے لیے بطورِ تحفہ پیش کرنا شروع کر دیا جس سے پھولوں کی مانگ میں اضافہ ہوا اور لوگ پھولوں کو باقاعدہ تجارتی پیمانے پر کاشت کرنے لگے۔ ہالینڈ میں سترویں اور اٹھارویں صدی عیسوی میں باقاعدہ تراشیدہ پھولوں (Cut flowers) کی کاشت کا آغاز کیا گیا جہاں پھولوں کو گرین ہاؤس میں تجارتی پیمانے پر کاشت کیا جانے لگا بعد ازاں وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ جدید تعلیم اور تحقیق نے پھولوں کو ایک صنعت میں تبدیل کر دیا جس کا مرکز آج بھی ہالینڈ کو مانا جاتا ہے جہاں پھولوں کی دو بڑی عالمی منڈیاں ہیں جن میں روزانہ لاکھوں ٹن پھولوں کا کاروبار کیا جاتا ہے اور پوری دنیا کے کونے کونے میں پھولوں کو برآمد کیا جاتا ہے۔

گزشتہ چند سالوں کے دوران پھولوں کی صنعت ترقی یافتہ ممالک سے ترقی پذیر ممالک میں منتقل ہو رہی ہے جہاں بہتر موافق موسمی حالات اور سستی مزدوری ہونے کے باعث فصل پر آنے والے اخراجات میں نمایاں کمی ہوتی ہے اور لوگوں کو روزگار کے مواقع بھی ملتے ہیں جس سے ملکی معیشت پر مثبت اثرات مُرتب ہوتے ہیں۔ تراشیدہ پھولوں میں کئی اقسام پائی جاتی ہیں جن میں گلاب، گلائل، کارنیشن، للّی، گُل لالہ، گُلِ داؤدی اور گل شبو وغیرہ کو طویل مدتی (Long term) فصلیں کہا جاتا ہے جو کہ ایک دفعہ کاشت کے بعد سال ہا سال پیداوار دیتی ہیں تاہم ان فصلوں کی دیکھ بھال کے اخراجات بہت زیادہ بڑھ جاتے ہیں جبکہ سٹاک، آسٹر، ڈیلفینیم، سلوشیاء، زینیاء، سورج مکھی اور گیندا وغیرہ کو قلیل مدتی (Short term) فصلیں کہا جاتا ہے، جن کی کاشت عام طور پر بذریعہ بیج کی جاتی ہے جو کہ تین تا چار ماہ بعد پھول دینے کا آغاز کر دیتی ہیں۔ ان پھولوں کی کاشت سے کم خرچ میں زیادہ منافع حاصل کیا جا سکتا ہے۔

پاکستان کے میدانی علاقوں میں تراشیدہ پھولوں کی کاشت دو موسموں میں کی جاتی ہے جن میں موسمِ سرما اور موسمِ گرما کے تراشیدہ پھول شامل ہیں۔ موسمِ سرما میں موسم ٹھنڈا ہونے کے باعث پھولوں کی زیادہ اقسام کاشت کی جاتی ہیں جو کہ بعد از برداشت زیادہ دیر تک تروتازہ رہتی ہیں جبکہ اس کے برعکس ہمارے ملک کے میدانی علاقوں میں سخت گرمی پڑنے کے باعث موسمِ گرما کے دوران کاشت کی جانے والی تراشیدہ پھولوں کی اقسام کم ہوتی ہیں جس سے منڈیوں میں پھولوں کی کمی محسوس کی جاتی ہے اور لوگوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے پھولوں کو درآمد بھی کیا جاتا ہے جس سے ملکی سرمایہ کا نقصان ہوتا ہے۔ لہٰذا ملکی سرمایہ بچانے اور کسانوں کو نئی منافع بخش پھولوں کی فصلیں فراہم کرنے کے لیے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ گل بانی وچمن آرائی کے ماہرین کی زیر نگرانی اور طلبہ کی انتھک محنت سے سخت گرم موسم میں کاشت کی جانے والی تراشیدہ پھولوں کی فصلیں متعارف کروائی گئی ہیں جن میں سورج مکھی (Sunflower)، ایمارینتھس (Amaranth)، سلوشیا (Celosia)، گامفرینا (Gompherena)، زینیاء (Zinnia) اور گیندا (Marigold) وغیرہ قابلِ ذکر ہیں اور کامیابی سے پاکستان کے میدانی علاقوں میں کاشت کی جاسکتی ہیں اور مقامی منڈیوں میں ترسیل کی جاسکتی ہیں۔ ان پھولوں کی جدید کاشت کے تمام تر عوامل مندرجہ ذیل ہیں:

موسمِ گرما کے دوران کاشت کے لیے موزوں موسمی تراشیدہ پھول واقسام

1) سورج مکھی (Sunflower)

سورج مکھی موسمِ گرما میں کاشت کیا جانے والا سخت جان پھول ہے جسے ترقی یافتہ ممالک میں نمائشی خوبصورتی (Ornamental beauty) اور تراشیدہ پھول (Cut flower) کے طور پر کاشت کیا جاتا ہے۔ آج سے چند سال قبل تک ہمارے ملک میں سورج مکھی کو صرف تیل دار فصل کے طور پر کاشت کیا جاتا تھا اور یہ صرف ایک روایتی فصل تھی لیکن آج اس کی چند نئی اقسام کو زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ گل بانی وچمن آرائی کے ماہرین نے بطور تراشیدہ پھول کسانوں میں متعارف کروایا جس سے لوگوں میں آگاہی پیدا ہوئی اور سورج مکھی کو بطورِ تراشیدہ پھول کاشت کیا جانے لگا۔ اس کا تعلق آسٹریسی (Asteraceae) خاندان سے ہے اور اس کا سائنسی نام ہیلیئینتھس اینس (*Helianthus annuus*) ہے۔ اس کے پھول بھی کئی خوبصورت رنگوں میں پائے جاتے

ہیں جس میں پیلا، سنہری، نارنجی، سرخ اور بھورے رنگ شامل ہیں جنہیں بذریعہ بیج کاشت کیا جاتا ہے۔ سورج مکھی کے پھولوں میں یہ خاصیت پائی جاتی ہے کہ اسے بطور تراشیدہ پھول پاکستان کے میدانی علاقوں میں سال کے 10 ماہ کے دوران مناسب وقفہ سے لگاتار کاشت کیا جا سکتا ہے اور منڈی میں بھی پھولوں کی لگاتار ترسیل ممکن ہوتی ہے۔ اس کے پھول بذریعہ بیج نرسری تیار کر کے کاشت کیے جاتے ہیں جن کی شرح نمو 90 فیصد سے زائد ہوتی ہے۔ سورج مکھی کے پھول بعد از برداشت تازہ پانی میں پانچ تا سات دن تک تروتازہ رہ سکتے ہیں۔

HORTIMAG

Vol. 09 No. 01 | January - June, 2020

UAF participated in
International Horti Expo 2020
at Expo Center Lahore

Pakistan Society for Horticultural Science

Registration No. ____________

Membership Application Form

Prefix: ☐ Dr ☐ Mr ☐ Ms ☐ Mrs

Name (First Last): ____________

CNIC no. (Pak. nationals): ☐☐☐☐☐-☐☐☐☐☐☐☐-☐

Passport no. ____________

Date of birth (dd,mm,yy) ____________ **Gender:** Male ☐ Female ☐

Qualification: ____________

Profession/Position: ____________

Organization: ____________

Mailing address: ____________

Mobile: ____________ **WhatsApp no:** ____________

Email: ____________

Information you allow to make publicly available in members' directory on PSHS website

☐ Mobile number ☐ Email address

Would you like us to add you in PSHS WhatsApp group? ☐ Yes ☐ No

Previous PSHS ID: (If any) ____________

Memb. category: (for current appl.) ☐ Lifetime ☐ Regular ☐ Student ☐ Corporate

The information provided are true and accurate to the best of my knowledge. I hereby agree to abide by the rules and regulations of Pakistan Society for Horticultural Science, failing to which my membership will be cancelled. PSHS reserves the right to cancel my membership any time without prior notice.

Signature of Applicant: ____________ Date: ____________

Signature of PSHS Authority (with stamp): ____________ Date: ____________

(Revised January 2019)

Queries/Comments/Advertisements

Dr. Iftikhar Ahmad, Managing Editor, Hortimag

Tel: 041-9201086, 0334-7416664, Email: hortimag@pshsciences.org